میں ان کے اساتذہ کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ اور علی ہجویریؒ کے حصولِ علم کی روداد پیش کی گئی ہے۔ تیسرا باب درحقیقت کتاب کی جان اور موضوع ہے ۔ اس میں کشف المحجوب کا مختصر خلاصہ پیش کیا ہے جسے بجا طور پر کشف المحجوب کا عطر کہا جا سکتا ہے ۔ فاضل مقالہ نگار نے "کشفِ حجاب" کا عنوان قائم کرکے حضرت علی ہجویریؒ کے پیش کردہ علمی نکات پر گفتگو کی ہے۔ کتاب قابلِ مطالعہ ہے اور اس کا ہر لائبریری میں موجود ہونا ضروری ہے ۔

احوال وکوائف دارالعلوم

شاندار نتیجہ | دارالعلوم حقانیہ کے دورۂ حدیث شریف سال گذشتہ کے طالب العلم مولوی عبدالقیوم بن لالشادی صاحب مقام شال درہ ضلع کوئٹہ بلوچستان ۶۰۰ نمبرات میں سے ۵۲۸ نمبر لیکر وفاق المدارس العربیہ کے امتحانات میں شریک مدارس فوقانیہ میں ملک بھر میں اوّل نمبر پر کامیاب ہوئے ۔ دوسری پوزیشن مدرسہ اسلامیہ نیو ٹاؤن کراچی کے مولوی عبدالقیوم بن محمد غوث نے حاصل کی وفاق المدارس کے امتحانات دورہ میں ۲۹۶ طلبہ نے شرکت کی جس میں دارالعلوم حقانیہ کے طلبہ دورہ کی تعداد ۱۱۰ تھی۔ دارالعلوم اس شاندار کامیابی پر حق تعالیٰ کا شکر گزار ہے۔ مفصل نتیجہ اگلے پرچہ میں ملاحظہ فرمادیں۔ دارالعلوم کے مہتمم حضرت شیخ الحدیث صاحب اور وفاق کے ناظم اعلیٰ مولانا مفتی محمود صاحب نے اس شاندار کامیابی پر کامیاب فضلاء کو ہدیۂ تہنیت پیش کی ہے ۔

تعلیمی سال کا آغاز | بحمداللہ عزوجل نامساعد حالات کے باوجود دارالعلوم کا نیا تعلیمی سال اپنے وقت پر شروع ہو چکا ہے۔ دارالحدیث میں تمام طلبہ اساتذہ وعملہ کے ایک بڑے مجمع میں ختم کلامِ پاک اور پھر حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ کے درسِ ترمذی شریف سے اسباق کا آغاز ہوا اور حضرت نے علم کی اہمیت اور ذمہ داریوں پر مؤثر خطاب فرمایا۔ ملک وبیرون ملک سے طلبہ کی کثرت آمد کے باوجود محدود وسائل کی وجہ سے صرف ۴۰۰ طلبہ کو داخل کیا جا سکا جس میں دورۂ حدیث کے طلبہ کی تعداد ڈیڑھ سو سے متجاوز ہو چکی ہے ۔

دارالعلوم کے دو اساتذہ حضرت مولانا محمد علی صاحب سواتی وحضرت مولانا جلال الدین صاحب افغانی سفرِ حج پر تشریف لے گئے ہیں۔

★